سوال

(348)چار بیویوں کے ہوتے ہوئے لونڈی سے ازدواجی تعلقات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے دوست کی چار بیویاں ہیں اوراس نے ایک لونڈی بھی خریدلی ہے مگروہ اب لونڈی سے ازدواجی تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے کیا یہ درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعاچار بیویوں کی موجودگی میں بھی لونڈی سے مباشرت کرنا جائز ہے۔ مگر یہ سوال مجھے حقیقت سے زیادہ مفروضہ ہی لگتا ہے۔ محسوس ایسے ہوتا ہے کہ آپ کے دوست نے لونڈی کا مفہوم نہیں سمجھا،لونڈی اس عورت کو کہا جاتا ہے جو مسلمانوں اور کفار کے درمیان جنگ ہونے کی صورت میں کافرہ عورت گرفتار ہوکر مسلمانوں کے ہاتھ آجائے، اور کمانڈراسے فوج میں سے کسی کودے دے،اور عصر حاضر میں اس کا وجود تقریبانا ممکن ہے۔ باقی اگراس نے کوئی عورت بیگار کیمپ سے یا بردہ فروشوں سے کسی عورت کوخریدلیا ہے تووہ لونڈی نہیں ہے۔ ایسی عورت کے ساتھ بیوی بنانے کے بعد ہی تعلقات قائم ہوسکتے ہیں، اورپہلے سے چار بیویوں کی موجودگی میں اس سے نکاح نہیں ہوسکتا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2